اور امام ابن حزمؒ کی کتاب جمھرۃ انساب العرب کا نچوڑ بھی بیان کیا گیا ہے۔اس موضوع کو تین ابواب میں درج ذیل ترتیب کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے:

پہلا باب میں علم انساب کا تعارف، اہمیت، فضیلت اور علم انساب کی ضرورت کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اور ساتھ ہی ساتھ امام ابن حزمؒ کی علمی شخصیت جن کی تحقیق علم انساب میں ایک خاص اہمیت کی حامل ہے۔آپؒ کی حالاتِ زندگی اور ان کی خدمات کو بھی اس باب میں واضح کیا گیا ہے۔

دوسرا باب عرب کے خاندانوں کے بارے میں ہے جس کو امام ابن حزمؒ کی کتاب کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔عرب کے تین مشہور خاندان، خاندان عدنان، خاندان قحطان اور خاندان قضاعہ کو خاص کر بیان کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ امام ابن حزمؒ نے اس کتاب میں عرب سے تعلق رکھنے والے چند مزید قبائل کا ذکر بھی کیا ہے جن میں قوم بربر، قوم بنو قسی اور بنی اسرائیل خاص ہیں ان کو بھی ذکر کیا گیا ہے۔ان سب خاندانوں کا نسب اس کتاب اور دوسری دیگر کتبِ انساب سے استفادہ کر کے لکھا گیا ہے۔

تیسرا باب میں امام ابن حزمؒ کی کتاب جمھرۃ انساب العرب کا جائزہ لیا گیا ہے۔جس میں کتاب کے منہج و اسلوب، مصادر و مراجع اور اس کتاب کے دیگر کتب تاریخ پر اثرات کو واضح کیا گیا ہے۔